## این آر او کے حوالے سے سپریم کورٹ کے فیصلے کا احترام کرتے ہیں۔الطاف حسین

## روز اول سے عدلیہ کا احترام کرتے آئے ہیں اور عدلیہ کی آزادی پر یقین رکھتے ہیں

لندن۔۔۔16 دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ این آر او سے متعلق آج سپریم کورٹ کی جانب سے دیئے گئے فیصلے کا مکمل احترام کرتی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم روز اول سے عدلیہ کا احترام کرتے آئے ہیں اور عدلیہ کی آزادی پر یقین رکھتے ہیں اور آج سپریم کورٹ نے این آر او کے بارے میں جو فیصلہ دیا ہے ہم اس کا مکمل احترام کرتے ہیں۔

## متحدہ کے تحت آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں سانحہ مشرقی پاکستان اور سانحہ قصبہ علیگڑھ کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی

## اندرون سندھ ایم کیو ایم کے 19 زونوں، اسلام آباد، صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان، گلگت بلتستان آزاد کشمیر میں قرآن وفاتحہ خوانی کے اجتماعات

## مرکزی اجتماع خورشید بیگم میموریل عزیز آباد میں ہوا جس میں شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئیں

کراچی۔۔۔16 دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت آزاد کشمیر سمیت میں ملک بھر میں سانحہ مشرقی پاکستان 16 دسمبر 1971 اور سانحہ قصبہ علیگڑھ 14 دسمبر 1986ء کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور تمام شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔قرآن خوانی وفاتحہ کے سلسلے میں کراچی وحیدرآباد کے علاوہ اندرون سندھ ایم کیو ایم کے 19 زونز، صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کے صوبائی وضلعی دفاتر میں اجتماعات منعقد کئے گئے جن میں منتخب حق پرست عوامی نمائندوں، ایم کیو ایم کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدرد عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس سلسلے کا مرکزی اجتماع خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد کراچی میں ہوا جس میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائمخانی، اراکین رابطہ کمیٹی سید شعیب احمد بخاری، کنور خالد یونس، ڈاکٹر نصرت ، اشفاق منگی، سلیم تاجک، شاہد لطیف، شاکر علی، توصیف خانزادہ، سیف یار خان، آنسہ ممتاز انوار، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، سینیٹرز، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، مشیران، ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز، سابق اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ایم کیو ایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان، سیکٹرز ویونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان اور عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔بعد ازاں اجتماعی دعا کرائی گئی جس میں سانحہ مشرقی پاکستان، سانحہ قصبہ علیگڑھ الطاف حسین کے بھائی ناصر حسین، بھتیجے عارف حسین سمیت تمام حق پرست شہداء کے بلند درجات، لواحقین کیلئے صبر جمیل، حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

کراچی کی طرح اندرون سندھ حیدرآباد، سکھر، میرپورخاص، نوابشاہ، سانگھڑ، شکارپور، کشمور، خیرپور، گھوٹکی، نوشہروفیروز، لاڑکانہ، دادو، بدین، ٹھٹھہ، قمبر شہدادکوٹ، ٹنڈوالہیار، جیکب آباد، عمرکوٹ، جامشورو میں بھی ایم کیو ایم کے زونل دفاتر میں سانحہ مشرقی پاکستان اور سانحہ قصبہ علیگڑھ کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ کے اجتماعات منعقد ہوئے جن میں ایم کیو ایم کی زونل کمیٹی کے ارکان، صوبائی وزراء، حق پرست ارکان اسمبلی سیکٹر اور یونٹ کمیٹی کے ارکان، کارکنان اور ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اسی طرح اسلام آباد سمیت صوبہ پنجاب، بلوچستان اور سرحد کے ضلعی وصوبائی دفاتر، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کے دفاتر میں بھی ذمہ داران وکارکنان کی جانب سے سانحہ مشرقی پاکستان اور سانحہ قصبہ علیگڑھ سیکٹر کے شہداء کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہوئے جن میں منتخب حق پرست عوامی نمائندوں، ایم کیو ایم کی صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین، ضلعی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین، سیکٹرز ویونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان اور عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## ملکی وبین الاقوامی سماجی شخصیت عبدالستار ایدھی کی علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش

## حق پرست عوام عبدالستار ایدھی کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں

لندن۔۔۔16 دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملکی وبین الاقوامی سماجی شخصیت عبدالستار ایدھی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست خواتین، نوجوانوں اور بزرگوں سے اپیل کی کہ وہ عبدالستار ایدھی کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے کارکن محمد شرجیل قریشی اور نارتھ کراچی سیکٹر کے کارکن سہیل صدیقی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔16، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 98 کے کارکن محمد شرجیل قریشی اور ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 134 کے کارکن سہیل صدیقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے کارکن محمد شرجیل قریشی اور نارتھ کراچی سیکٹر کے کارکن سہیل صدیقی انتقال کر گئے

## مرحومین کو سپرد خاک کر دیا گیا، سوئم کے اجتماعات جمعرات کو بعد نماز ظہر منعقد ہوں گے

کراچی ۔۔۔16، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ ملیر سیکٹر یونٹ 98 کے کارکن محمد شرجیل قریشی لانڈھی کے علاقے میں روڈ ایکسیڈنٹ میں اور ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 134 کے کارکن سہیل صدیقی حیدری موڑ پر پھسلن کی وجہ موٹر سائیکل سلپ ہونے جانے کے باعث انتقال کر گئے۔ محمد شرجیل قریشی کی عمر 20 سال تھی اور ان کے سوگواران میں والدین، 2 بھائی اور 2 بہنیں شامل ہیں۔ اسی طرح سہیل صدیقی مرحوم کی عمر 27 سال تھی اور ان کے سوگواران میں بیوہ، والدین، 4 بہنیں، 3 بھائی اور ایک نومولود بیٹا شامل ہے۔ دریں اثناء محمد شرجیل قریشی مرحوم کو لال شاہ قبرستان کھوکھرا پار نجل گوٹھ جبکہ سہیل صدیقی مرحوم کو شاہ محمد قبرستان نارتھ کراچی کے قبرستانوں میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحومین کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ارکان اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین، ملیر اور نارتھ کراچی سیکٹر کمیٹیوں کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی۔ ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے کارکن محمد شرجیل قریشی کا سوئم 17 دسمبر بروز جمعرات کو بعد نماز ظہر توحید مسجد C ایریا کھوکھرا پار میں ہوگا جبکہ ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 134 کے کارکن سہیل صدیقی مرحوم کا سوئم بھی 17 دسمبر بروز جمعرات کو نارتھ کراچی میں واقع صدیق اکبر مسجد میں بعد نماز ظہر ہوگا جس میں مرحومین کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی فاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔16، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 98 کے کارکن محمد شرجیل قریشی، ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 134 کے کارکن سہیل صدیقی، نارتھ ناظم آباد ٹاؤن یوسی 4 کے حق پرست نائب ناظم تسلیم احمد کی اہلیہ محترمہ نجمہ تسلیم، ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 108 کے کارکن آصف زیدی کی والدہ محترمہ شہناز بی بی، ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 143-B کے کارکن اکبر علی کے والد ظفر حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## انٹرمیڈیٹ بورڈ اپیکا کے الیکشن سے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کا اظہار لاتعلقی

## ملازمین الیکشن میں اپنے ضمیر کے مطابق حق رائے آزادانہ طور پر استعمال کریں

کراچی ۔۔۔16، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی و اراکین سینٹرل کوآرڈینیشن کمیٹی نے انٹرمیڈیٹ بورڈ میں ہونے والے آل پاکستان کلرک ایسوسی ایشن (اپیکا) کے الیکشن سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں لیبر ڈویژن نے کہا کہ انٹر بورڈ اپیکا کے الیکشن میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن نے کسی بھی گروپ کی حمایت نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کے سلسلے میں انٹرمیڈیٹ بورڈ کے ملازمین اپنے ضمیر کے مطابق اپنا حق رائے دہی آزادانہ طور پر استعمال کریں۔

☆☆☆☆☆